© rasailojaraid.com

ادبیات

محمد عربی

جناب فضا ابن فیضی

وہ "نورِ سرمدی"، "کیفِ تجلیاتِ خدا"
وہ "سرِّ حق" وہ کتابِ ازل کا پہلا ورق
وہ "نازنینِ حرم" وہ "محمدِ عربی"
ثنا میں جس کی ہیں رطب اللساں یہ چودہ طبق
اُسی کے ابرِ کرم سے ہے دو جہاں سیراب
اُسی کے نور سے ہیں اپنے بام و در روشن
اُسی کی شمعِ محبت ہے اپنے سینے میں
فروغِ حُسن سے اُس کے رُخِ سحر روشن

دیارِ حبیب

جناب فضا ابن فیضی

وہاں زمین کا رُخ ہو کہ گردشِ افلاک
لئے ہوئے ہے سرورِ طوافِ کعبۂ شوق
سموئے آنکھوں میں جلوے خدا شناسی کے
لبوں پہ وجد میں روحانیت کا نغمۂ شوق
وہاں ہے سینوں میں سوزِ گدازِ ابراہیم
وہاں فضاؤں میں ہے سوز و سازِ بوالبشری
وہاں ضمیر کثافت سے پاک رہتے ہیں
وہاں کی بادِ سحر ہے علاجِ دردِ سری

© rasailojaraid.com